☆☆☆☆☆

**H.S.S.C (Part-II) A/2023**

**(For all Sessions)**

Roll No __________ to be filled in by the candidate

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 7 |
|---|---|---|---|---|

**اُردو لازمی (معروضی)** گروپ -- I وقت: 30 منٹ نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D,C,B,A دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

**(الف) درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔**

1-1 محنت پسند خردمند ---------- کا شاگرد ہے۔

(A) خسرو آرام (B) محمد حسین آزاد (C) اُمید (D) کمال

2- مولانا ظفر علی خان کے اخبار کا نام -------- تھا۔

(A) نئی دنیا (B) نوائے وقت (C) زمیندار (D) سرمایۂ اُردو

3- مولوی صاحب کو اپنی تمام کتابوں میں ------ ہی پسند تھا۔

(A) ترجمہ تیسیر (B) ترجمۃ القرآن (C) ابن الوقت (D) مرآۃ العروس

4- علامہ ابن جوزی -------- تھے۔

(A) معلم (B) مبلغ (C) محدث (D) مجدد

5- نواب محسن الملک کی ایک ہی تصنیف ہے جو -------- ہے۔

(A) خالص سیاسی (B) خالص مذہبی (C) خالص ادبی (D) خالص شاعری

**(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کریں۔**

6- معماروں نے مکان، پُل اور دکان --------

(A) بنایا (B) بنائی (C) بنائیں (D) بنائے

7- ہم نے کشمیر کے پانیوں کو -------- پایا۔

(A) ٹھنڈا (B) ٹھنڈے (C) ٹھنڈی (D) ٹھنڈیں

8- -------- میں مصروف ہوں اس لیے نہیں جاؤں گا۔

(A) لیکن (B) جب کہ (C) کیوں کہ (D) چوں کہ

9- لڑکیوں نے کہا ہم --------

(A) جائے گی (B) جائیں گی (C) جائیں گے (D) جائے گا

10- قلم کتاب یہاں --------

(A) رکھی ہے (B) رکھا ہے (C) رکھے ہیں (D) رکھیں ہیں

**(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔**

11- وقفہ سے مراد ہے:

(A) رابطہ سے زیادہ ٹھہرنا (B) مکمل ٹھہرنا (C) ختمہ سے کم ٹھہرنا (D) سکتہ سے زیادہ ٹھہرنا

12- کسی کا قول نقل کرنا ہو تو علامت استعمال کرتے ہیں:

(A) واوین کی (B) قوسین کی (C) خط کی (D) رابطہ کی

13- اگر فقرے میں حیرت کا اظہار ہو تو آخر پر علامت استعمال ہوتی ہے:

(A) خط (B) ختمہ (C) علامت ترک (D) استعجابیہ

14- "علامہ اقبال فرماتے ہیں" اس فقرے کے آخر پر علامت آئے گی۔

(A) ختمہ (B) رابطہ (C) وقفہ (D) سکتہ

15- دعائیہ فقرات کے لیے علامت استعمال کی جاتی ہے۔

(A) ؟ (B) :- (C) ! (D) ؛

**(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔**

16- سکنا:

(A) میں موبائل خرید سکتا ہوں (B) ڈرائیور رکشے میں آگیا (C) اپنا سکنہ بنا دو (D) یہ سکتہ کی علامت ہے

17- بیٹھنا:

(A) گلا بیٹھ گیا (B) تم یہاں بیٹھنا (C) خاموشی سے بیٹھے رہو (D) سرمد عزت گنوا بیٹھا

18- چاہنا:

(A) تمھیں کتاب پڑھنی چاہیے (B) تم کیا چاہتے ہو (C) کرسی پر بیٹھو چاہے صوفے پر (D) میں نے ایسا نہیں چاہا تھا

19- ڈالنا:

(A) چائے میں چینی ڈال دو (B) چائے میں چینی ڈالو (C) تیرے وعدوں نے مار ڈالا (D) پانی ڈال دیا ہے

20- آنا:

(A) راشد آتا ہو گا (B) لڑکے پیغام دے آئے (C) تمھیں کالج آنا چاہیے (D) گاڑی آگئی ہے